# چیئرمین کی جائزہ رپورٹ

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، مجھے انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ کی سالانہ رپورٹ برائے مالی سال 30 جون 2025 پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

زیر جائزہ سال میں پاکستان کی معیشت میں رفتہ رفتہ بحالی کے آثار نظر آئے ہیں۔ جی ڈی پی میں 2.7% اضافہ ہوا، افراط زر نمایاں کمی کے ساتھ یک ہندسی سطح پر آ گیا، اسٹیٹ بینک کے پالیسی ریٹس کم ہو کر 11% تک آ گئے اور زر مبادلہ کی شرح بھی مستحکم رہی، جس سے کاروباری ماحول میں استحکام پیدا ہوا۔

مقامی اسٹیل مارکیٹ میں ملا جلا رجحان رہا۔ کولڈ رولڈ کی طلب میں 5% تک کمی آ گئی جو صنعتی نمو میں کمی کی نشاندہی کرتی ہے، جبکہ دیہی معیشت میں زیادہ فعال سرگرمیوں کے سبب گیلونائزڈ کی طلب میں 11% اضافہ ہوا۔ باضابطہ اسٹیل کے شعبہ کو بنیادی صنعتی ڈھانچے کی خامیوں کے ساتھ مقابلہ رہا جن میں FATA/PATA کے تحت سیلز ٹیکس میں استثنیٰ کا غلط استعمال اور گیلونائزڈ پروڈکٹس پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز کا عدم نفاذ شامل ہے۔

ان مشکلات کے باوجود، ISL کے سیلز کے حجم میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 15% اضافہ ہوا جو ہماری مسابقتی قوت کی عکاسی ہے۔ تاہم زیادہ حجم کے فائدے پر عالمی سطح پر اسٹیل کی قیمتوں میں کمی کا نمایاں اثر پڑا۔ اسٹیل پیدا کرنے والے بڑے ممالک اور اہم منڈیوں میں بڑھتی ہوئی تجارتی رکاوٹوں کے باعث جارحانہ ڈمپنگ نے برآمدی کارکردگی کو متاثر کیا۔

ISL نے منافع کی شرح برقرار رکھی اور مستقبل میں مارکیٹ کی نمو میں سرمایہ کاری کیلئے حکمت عملی کی پوزیشن مستحکم کی۔ کمپنی کا استحکام نہ صرف مارکیٹ شیئر میں اضافے کی نشاندہی کرتا ہے اور طے شدہ حکمت عملی پر عمل درآمد کی عکاسی بھی کرتا ہے۔

- **صنعتی انضمام:** مقامی اسٹیل کی طلب کی حوصلہ افزائی کیلئے چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن لمیٹڈ کے 17% حصص (Shares) اسٹیک کی خریداری۔
- **توانائی میں تنوع:** 6.4MW سولر پاور پلانٹ کی کمشننگ، جس سے اپنے استحکام، توانائی کی قیمت میں کمی اور کم تر کاربن کی موجودگی کے عزم کو تقویت حاصل ہوئی۔
- **معیشت میں حصہ:** ISL نے مقامی پیداوار و برآمدات کی مد میں 60 ملین ڈالر کا حصہ ملانے کے ساتھ ساتھ براہ راست اور بالواسطہ ٹیکسز کی مد میں 14.7 بلین پاکستانی روپے سرکاری خزانے میں جمع کرائے۔

بورڈ نے فیصلہ سازی کے عمل میں تمام ڈائریکٹرز، بشمول خود مختار ڈائریکٹرز کی جانب سے فعال شرکت سے کارپوریٹ گورننس کے اعلیٰ معیارات کو برقرار رکھا۔

سال کے دوران میں، جناب سمیر ایم چنائے کو جناب یوسف ایچ مرزا کی جگہ چیف ایگزیکٹیو آفیسر مقرر کیا گیا، جو بورڈ میں شامل رہیں گے۔ ہم جناب مرزا کو ان کی شاندار قیادت پر شکریہ ادا کرتے ہیں اور ISL کی ترقی کے اگلے دور کیلئے جناب چنائے کے ویژن کا استقبال کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ جناب کینیچی ہوتانے جناب نوری ہیرو میزوٹا کی جگہ بورڈ میں شرکت اختیار کی جن کی خدمات کو ہم بھرپور طور پر سراہتے ہیں۔

ہم حالیہ ضوابط کی اصلاحات کا، بشمول FATA/PATA کیلئے سیلز ٹیکس کی شرح میں تبدیلیوں اور کوٹڈ پروڈکٹس پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز کے نفاذ کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ان اقدامات سے پاکستان کی مقامی فلیٹ اسٹیل انڈسٹری کو تقویت حاصل ہوگی۔

بطور چیئرمین، میں ایک کھلے ذہن، تعمیراتی مباحث اور حکمت عملی پر مبنی دور اندیشی پر مبنی کلچر کے عزم کا اعادہ کرتا ہوں۔ ہم تمام قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کا عمل جاری رکھیں گے جبکہ اپنی انتظامیہ کو فیصلوں میں بااختیار بنائیں گے جو مختصر، درمیانی اور طویل مدت کیلئے اقدام کو ہموار کرے گا۔

میں بورڈ کی جانب سے اپنے شیئر ہولڈرز، ملازمین، صارفین اور پارٹنرز کے ہم پر مسلسل اعتماد اور تعاون پر دلی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آپ کا اعتماد ہیں ہمارے چیلنجز سے نمٹنے کے عزم کو مضبوط کرتا ہے اور مارکیٹ کے بدلتے ہوئے منظر نامے میں مواقع کے حصول کا ذریعہ بنتا ہے۔

امید اور عزم کے ساتھ آنے والے سال میں ہم مارکیٹ کے حقائق کو اختیار کرنے اور پائیدار ترقی کیلئے پر عزم ہیں۔

ہم اپنی کامیابیوں کے تسلسل اور آپ کی کمپنی کی خوشحالی کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں۔



**کمال اے چنائے**

19 اگست 2025